User سے Input حاصل کرنے کے لیئے Prompt Dialog کو Use کیا جاتا ہے یہ بھی پچھلی مثال کی طرح True یا False Return کرتا ہے اگر آپ Ok کریں گے تو True Return ہو گا اور اگر Cancel کریں گے تو False Return ہو گا اور Ok پر if کا کوڈ چلے گا اور Cancel پر else والا کوڈ Execute ہو گا -

```
var ans = prompt("What is your name?" , "");
if(ans)
{  alert("My name is " + ans);  }
else
{  alert("You refused to answer");  }
```

Next | Previous

Document Object Model

یہ JavaScript کا سب سے اهم Topic ہے اس کو سمجھنا بہت ضروری ہے اور اس کو سمجھنا آسان بھی ہے آپ کو HTML آتی ہے دراصل HTML کی ترتیب کو ہی DOM کہتے ہیں جیسے سب سے پہلے آپ کو Doctype Tag نظر آتا ہے اس کے بعد HTML Tag پھر Head Tag اور اس کے اندر Title, Link, Script, Style اور Meta Tag ہوتے ہیں - Tag کے اندر Sub Tag کو Heirarchy بھی کھتے ہیں اس کے بعد Body Tag آتا ہے اور باقی تمام ٹیگ Body Tag کے اندر ہوتے ہیں اور یہ Body Tag کی Heirarchy کھلاتی ہے - جاوا اسکرپٹ میں مکمل Ability ہے تمام چیزوں کو تبدیل کرنے کی اور اس Technic کو DHTML یعنی Dynamic HTML کہتے ہیں - Document Object Model دراصل ایک Standard ہے جو World Wide Web Consortium3W C نے بنایا ہے اور DOM Developer کو ایک راستہ فراہم کرتا ہے جس کی مدد سے آپ Web Page پر موجود ہر چیز کو Access کر سکتے ہیں چند Property اور Method کو استعمال کرتے ہوئے جیسے Image, Table, Text اور بہت کچھ آپ آگے کی مثالوں میں دیکھیں گے -

Document Object Model کو سمجھنے کے لیئے نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیں جس میں Heirarchy یا Tree دکھلائی گئی ہے -

امید ہے کہ آپ کو Document Object Model سمجھ میں آ گیا ہو گا اس کی پہلی مثال اگلے پیج پر ملاحضہ فرمائیں -

Next | Previous

getElementById Function

JavaScript میں HTML کے کسی بھی Tag کو حاصل کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کرتے ہیں - اس Function کا کام کسی بھی HTML Element کو Id کے زریعہ سے اس Element کو حاصل کرنا ہے 1H Tag کے اندر Id کا نام myheading دیا گیا ہے - نیچے دی گئی مثال میں Body Tag کے اندر 1H Heading کے نیچے JavaScript کا کوڈ لکھیں -

```
<h1 id="myheading">My Heading</h1>


<script type="text/javascript">
    var heading =
document.getElementById('myheading').innerHTML;
    alert(heading);
</script>
```

JavaScript کوڈ میں آپ ایک نئی Property دیکھ رہے ہیں جس کا نام innerHTML ہے اس کا کام دی گئی Id کا Text حاصل کرنا یا تبدیل کرنا ہے مثال میں Text کو حاصل کر کے ایک Variable میں اسٹور کیا گیا ہے اور پھر اس کو Message Box میں دکھایا گیا ہے -

Next | Previous

آگے جاکر آہستہ آہستہ مثالیں تھوڑی سی مشکل ہوتی چلی جائیں گی اب دوسری مثال دیکھیں گے جس میں فونٹ کا کلر تبدیل کیا گیا ہے -

```
<h1 id="myheading">This is heading1</h1>
```

```
var h1Element = document.getElementById('myheading');
h1Element.style.color = 'red';
```

پہلی لائین میں Element کو حاصل کیا گیا ہے اس کے بعد دوسری لائین میں فونٹ کلر تبدیل کیا گیا ہے اب آپ اس کو براوزر پر چلائیں گے تو Heading کا کلر تبدیل ہو گیا ہو گا -

getElementByTagName Function

اب آپ ٹیبل کا کلر تبدیل کریں گے اس کے لیئے آپ کو پہلے ٹیبل بنانا ہو گا اس کے بعد ٹیبل کے نیچے جاوا اسکرپٹ کا کوڈ لکھنا ہو گا آیئے اب اس کی پریکٹس کرتے ہیں -

Next | Previous

```
<table border="1px" width="250px" cellspacing="0px">
  <tr>
  <td>Employee Id</td>
  <td>Employee Name</td>
  </tr>
  <tr>
  <td>12045</td>
  <td>Salman Khan</td>
  </tr>
  </table>


  var tdElement = document.getElementsByTagName('td');
  var tdLength = tdElement.length;

  for(var i = 0; i < tdLength; i++)
  {
```

```
    tdElement[i].style.color = 'gray';
  }
```

Employee Id	Employee Name
12045	Salman Khan

Next | Previous

اس مثال میں آپ کو ایک نیا فنکشن سیکھنے کو ملا ہے جس کا نام getElementsBy TagName ہے اس کو استعمال کرتے ہوئے آپ پیج پر موجود کسی بھی ٹیگ کو پورے پیج پر جتنی دفعہ لکھا گیا ہے حاصل کر سکتے ہیں جیسا کہ آپ نے دیکھا ہے کے ٹیبل میں موجود تمام td کو اس فنکشن کی مدد سے Select کیا گیا ہے پھر اس کو Count کیا گیا ہے Length Property کی مدد سے اس کے بعد ایک لوپ چلایا گیا ہے جو 0 سے شروع ہو کر td کی تعداد تک چلا ہے - صفر 0 سے مراد سب سے پہلا td ہے اس طرح سے سب سے پہلے پہلے td کا کلر پھر دوسرے td کا کلر اور اس طرح سے تمام td کا کلر تبدیل ہو جائے گا لوپ کو استعمال کرتے ہوئے - اگر آپ کو سمجھنے میں کوئی پریشانی ہو تو ایک بار دوبارہ سے اس کو پڑھ لیجیئے سمجھ میں آ جائے گا -

setAttribute Function

اب آپ HTML Element Attribute کو اپلائی کرنا سیکھیں گے اس کے لیئے آپ کو ایک پیراگراف لینا ہوگا اور JavaScript کی مدد سے اس کو سینٹر میں کریں گے -

```
<p id="mypara">This is simple paragraph.</p>
var pElement = document.getElementById('mypara');
pElement.setAttribute('align', 'center');
```

Next | Previous

آپ ہر مثال میں ایک نئی چیز سیکھ رہے ہیں اور آگے بڑھ رہے ہیں اس مثال میں آپ نے setAttribute فنکشن کو سیکھا ہے یہ دو پیرامیٹر لیتا ہے پہلا پیرامیٹر Attribute ہے اور دوسرا پیرامیٹر Value ہے پچھلی مثال میں Align Attribute ہے اور Value Centre دی گئی ہے -

getAttribute Function

پچھلی مثال میں آپ نے Attribute کو Set کرنا سیکھا تھا اب Attribute کو Get یعنی حاصل کرنا سیکھیں گے اس مثال میں Paragraph کو Right Align کیا گیا ہے اور پھر JavaScript کو استعمال کرتے ہوئے Align Attribute کی Value کو حاصل کریں گے -

```
<p id="mypara" align="right">This is simple
paragraph.</p>
```

اب اس کے نیچے جاوا اسکرپٹ کا کوڈ لکھیں -

```
    var pElement = document.getElementById('mypara');
    alert(pElement.getAttribute('align'));
```

Next | Previous

آپ دیکھ رہے ہیں کے پہلی لائن میں Element کو حاصل کیا گیا ہے پھر دوسری لائن میں getAttribute کو استعمال کرتے ہوئے Attribute کا نام دیا گیا ہے جب یہ کوڈ چلے گا تو الرٹ میں Attribute کی ویلیو Right آئے گی -

removeAttribute Function

اب تک آپ نے جاوا اسکرپٹ میں Attribute کو Get اور Set کرنا سیکھا تھا لیکن اب آپ Attribute کو Delete یا Remove کرنا سیکھیں گے ایک پیراگراف کو Right Align کیا گیا ہے جب Page Load ہو گا تو پیراگراف Right Align ہو گا پھر ایک MessageBox آئے گا اور اس کے بعد Attribute Remove ہو جائے گا اور پیراگراف کی Alignement ختم ہو جائے گی یاد رہے کہ ByDefault پیراگراف Left Align ہوتا ہے -

```
    <p id="mypara" align="right">This is simple
paragraph.</p>

    var pElement = document.getElementById('mypara');
    alert('Attribute is going to remove');
```

```
    pElement.removeAttribute('align');
```

Next | Previous

createElement Function

JavaScript اتنی Powerful ہے کہ آپ JavaScript میں New HTML Element بھی بنا سکتے ہیں اس کے لیئے آپ کو اس فنکشن کو استعمال کرنا ہوگا نیچے دی گئی مثال میں 1H Tag Create ہوچکا ہے اس طریقے کو Dynamic Element یا Dynamic Tag کہتے ہیں -

```
 var newElem = document.createElement('h1');
```

createTextNode Function

JavaScript میں Dynamic Element کو نہ صرف Create کرسکتے ہیں بلکہ اس کو Text بھی دے سکتے ہیں اس فنکشن کی مدد سے آپ Dynamic HTML Tag کو Text دینگے اس کی مکمل مثال آگے دی گئی ہے -

```
    var newText = document.createTextNode('This is my
heading');
```

Next | Previous

appendChild Function

پچھلی دونوں مثالوں میں Dynamic HTML Tag کو بنانا اور Text دینے کے فنکشن بتائے تھے اس مثال میں Dynamic Tag کو Body

Tag میں شامل کرنا سیکھایا گیا ہے پہلی دو لایئنیں آپ پچھلی مثال میں دیکھ چکے ہیں پہلی لائن میں Element بنانے کی بات ہو رہی ہے اور دوسری لائن میں Element کا Text بتایا جا رہا ہے - ایک نیا فنکشن appendChild ہے یہ کسی بھی Element کے اندر دوسرا Element شامل کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے تیسری لایئن میں Element کے Variable کے ساتھ appendChild کو استعمال کیا گیا ہے اور اس کے اندر Text کا Variable دیا گیا ہے یہ 1H Element کا Text ہے اب Element مکمل ہو گیا ہے چوتھی لایئن میں اس Element کو Body Tag کے اندر شامل کیا گیا ہے تاکہ آپ اس کو براوزر پر دیکھ سکیں -

```
    var newElem = document.createElement('h1');
    var newText = document.createTextNode('This is my
heading');

    newElem.appendChild(newText);
    document.body.appendChild(newElem);
```

Next | Previous

آپ نے دیکھا کے appendChild فنکشن تو ایک ہی ہے لیکن اس کا استعمال دونوں جگہ پر مختلف ہے تیسری لائن میں یہ 1H Element کا Text شامل کر رہا ہے اور چوتھی لائن میں یہ Body Tag میں

H1 Element کو شامل کر رہا ہے امید ہے کہ آپ کو یہ مثال سمجھ میں آ گئی ہو گی -

fontStyle Property

JavaScript میں آپ CSS کا کام بھی کر سکتے ہیں نیچے دی گئی مثال میں ٹیکسٹ کو Italic کیا گیا ہے Style Property کے اندر fontStyle Property موجود ہے جس کی ویلیو Italic دی گئی ہے اب اس کوڈ کو براوزر پر چلایئں آپ کو ٹیکسٹ Italic نظر آئے گا -

```
<h1 id="myheading">This is heading1</h1>
var myh1 = document.getElementById('myheading');
myh1.style.fontStyle = 'italic';
```

Next | Previous

CSS Class in JavaScript

جاوا اسکرپٹ میں آپ CSS کی Class کو بھی اپلائی کر سکتے ہیں پہلے آپ کو CSS Class کو بنانا ہو گا جیسا کہ نیچے mystyle Class بنائی گئی ہے -

```
<style type="text/css">
.myStyle
{
    font: 18pt arial italic;
    text-decoration: underline;
}
</style>
```

اب آپ Body Tag کے اندر Paragraph کو بنایئں -

```
<p id="mypara">This is simple paragraph.</p>
```

اس کے بعد آپ Property classname کو لکھیں اور اس کی ویلیو CSS Class کا نام Inverted Commas میں لکھیں Class Apply ہو جائے گی -

```
var para = document.getElementById('mypara');
para.className = 'myStyle';
```

Next | Previous

Date Object

JavaScript میں آپ Current Time اور Date کو بھی حاصل کر سکتے ہیں اس کے لیئے آپ کو Date Object کو استعمال کرنا ہو گا جاوا اسکرپٹ میں چند Object موجود ہیں اور آپ اپنا خود بھی Object بنا سکتے ہیں Object دو چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے ایک Property اور دوسرا Method یا Function ہے آیئے دیکھتے ہیں کہ اس کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے -

```
var d = new Date();
var mytime = d.getHours();
document.write(mytime);
```

سب سے پہلے Variable لیا گیا ہے اور Date Object سے پہلے New Keyword کو استعمال کیا گیا ہے New کے معنی ہیں کہ

Date Object میں جو Property اور Method موجود ہیں ان تمام کو Variable d میں کاپی کرنا یا شامل کرنا ہے اس کے بعد دوسری لائئن میں ویری ایبل کے ساتھ فنکشن getHours کو استعمال کیا گیا ہے - یہ فنکشن آپ کو Current Hours بتاتا ہے جس کو دوسرے ویری ایبل میں لے کر براوزر پر پرنٹ کیا گیا ہے -

Next | Previous

getDay Function

تاریخ کے علاوہ آپ دنوں Days کو بھی حاصل کر سکتے ہیں اس کے لیئے آپ کو getDay فنکشن کو استعمال کرنا ہو گا یاد رہے کہ آپ کو دن ہمیشہ نمبر میں حاصل ہو گا Sunday کا نمبر Zero صفر ہے اور Monday کا نمبر 1 ہے اس طرح سے پورے ہفتے کا نمبر 0 سے 6 تک ہے اگر آپ نمبر کی جگہ دن کا نام دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ کو نیچے والا کوڈ استعمال کرنا ہو گا -

```
var d = new Date();
var myday = d.getDay();
document.write(myday);
```

اوپر والے کوڈ سے آپ کو نمبر حاصل ہوگا اور نیچے والے سے دن کا نام بتائے گا بقیہ کوڈ اگلے پیج پر ملاحضہ فرمایئں -

```
var d = new Date();
var myday = d.getDay();
if(myday == 0)
{
```

```
        document.write('Sunday');
     }
```

Next | Previous

```
else if (myday == 1)
    {
       document.write('Monday');
    }
    else if (myday == 2)
    {
       document.write('Tuesday');
    }
    else if (myday == 3)
    {
       document.write('Wednesday');
    }
    else if (myday == 4)
    {
       document.write('Thursday');
    }
    else if (myday == 5)
    {
       document.write('Friday');
    }
    else
    {  document.write('Saturday');  }
```

آپ نے دیکھا کہ لوجک لگا کر نمبر کے بدلے دن کے نام کو حاصل کیا گیا ہے -

Next | Previous

getDate Function

Current Date حاصل کرنے کے لیئے getDate فنکشن کو استعمال کرتے ہیں -

```
var d = new Date();
var mydate = d.getDate();
document.write(mydate);
```

getFullYear Function

GetFullYear فنکشن آپ کو Current سال بتائے گا -

```
var d = new Date();
var myyear = d.getFullYear();
document.write(myyear);
```

getMonth Function

اس فنکشن کی مدد سے آپ کرنٹ مہینہ حاصل کر سکتے ہیں لیکن یہ پہلے مہینے کو صفر 0 سے شروع کرتا ہے اس طرح سے آخری مہنیہ کا نمبر 11 ہو گا -

```
var d = new Date();
var mymonth = d.getMonth();
document.write(mymonth);
```

Next | Previous

toDateString Function

اس فنکشن کو استعمال کرتے ہوئے آپ کرنٹ تاریخ کو لکھ سکتے ہیں - تاریخ کے ساتھ یہ آپ کو دن بھی دے گا -

```
var d = new Date();
var mydate = d.toDateString();
```

```
document.write(mydate);
```

toLocaleDateString Function

اس فنکشن سے آپ مکمل دن اور مکمل مہینہ لکھ سکتے ہیں - نیچے اس کی مثال دی گئی ہے -

```
var d = new Date();
var mydate = d.toLocaleDateString();
document.write(mydate);
```

Next | Previous

toLocaleTimeString Function

جاوا اسکرپٹ میں toLocalTimeString فنکشن کی مدد سے آپ کرنٹ ٹائم حاصل کر سکتے ہیں -

```
var d = new Date();
var mytime = d.toLocaleTimeString();
document.write(mytime);
```

setDate Function

اب تک آپ نے ڈیٹ کو حاصل کرنا سیکھا ہے اب اس کو تبدیل کرنا سیکھیں گے - نیچے دی گئی مثال میں ڈیٹ اوبجیکٹ کو ایک تاریخ دی گئی ہے جو کہ 5 اگست ہے پھر اس کو تبدیل کیا گیا ہے اور اب تاریخ 9 اگست ہو گئی ہے -

```
var dt = new Date("Aug 5 2013");
dt.setDate(9);
document.write(dt);
```

Next | Previous

setFullYear Function

اس فنکشن کی مدد سے آپ موجودہ سال کو تبدیل کر سکتے ہیں پہلے تاریخ کو حاصل کیا گیا ہے پھر اس میں 1 کو جمع کر کے سال کو تبدیل کیا گیا ہے -

```
var d = new Date("Aug 5 2013")
d.setFullYear(d.getFullYear() + 1)
document.write(d)
```

setHours Function

اس فنکشن کو استعمال کرتے ہوئے آپ ٹائم کو بھی تبدیل کر سکتے ہیں -

```
var dt = new Date("Aug 28, 2010 03:00:00");
dt.setHours(5);
document.write(dt);
```

setMinutes Function

setMinutes فنکشن سے آپ Minutes کو بھی تبدیل کر سکتے ہیں -

```
var dt = new Date("Aug 28, 2010 03:27:00");
dt.setMinutes(45);
document.write(dt);
```

Next | Previous

setMonth Function

نیچے دی گئی مثال میں مہینے کو تبدیل کیا گیا ہے -

```
var dt = new Date("Aug 28, 2010");
dt.setMonth(8);
document.write(dt);
```

Browser Name

JavaScript میں آپ اپنے Browser کا نام بھی معلوم کر سکتے ہیں اس کے لیئے آپ کو navigator.appName Property کو استعمال کرنا ہوگا ۔

```
document.write(navigator.appName);
```

Browser Version

نیچے دیئے گئے کوڈ سے آپ اپنے براوزر کا ورژن دیکھ سکتے ہیں ۔

```
document.write(navigator.appVersion);
```

Next | Previous

String Function

JavaScript میں String کے بہت سے Function ہیں جیسے String Value کو Count کرنا یا Bold کرنا یا Search کرنا وغیرہ شامل ہیں ۔ آپ جانتے ہیں کہ Variable ایک وقت میں ایک ویلیو اسٹور کرتا ہے لیکن اگر آپ چاھتے ہیں کہ ایک Variable پچھلی ویلیو کو بھی اسٹور کرے تو اس کے لیئے آپ کو نیچے دی گئی مثال کو سمجھنا ہو گا ۔

```
var msg = "This is";
msg = msg + " String Object";
msg = msg + " in JavaScript.";
document.write(msg);
```

دوسری لائن میں Variable میں پہلی لایئن کی ویلیو Store ہے اس کو Plus Sign سے دوسری لایئن کی نئی ویلیو کو جمع کرکے دوبارہ اسی Variable میں ویلیو Store کی گئی ہے تیسری لایئن میں بھی ایسا ہی کیا گیا ہے اس طرح سے تینوں لائینوں کی ویلیو ایک ہی Variable میں جمع یا Concatenate ہو جایئں گی اس کو لکھنے کا دوسرا طریقہ اگلے پیج پر ملاحضہ فرمایئں -

Next | Previous

یہ شارٹ طریقہ ہے پچھلی ویلیو میں نئی ویلیو کو شامل کرنے کا فرق صرف اتنا ہے کہ Variable کا نام دوبارہ نہیں لکھا گیا ہے بلکہ Plus Sign کو = Equal سے پہلے لگایا گیا ہے اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ پچھلی ویلیو میں اگلی ویلیو جمع کر دی جائے -

```
var msg = "This is";
msg += " String Object";
msg += " in JavaScript.";
document.write(msg);
```

This is String Object in JavaScript.

toUpperCase Function

Variable کے تمام Alphabate کو Capital Letter میں تبدیل کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے -

```
var msg = "This is String Object";
var bigwords = msg.toUpperCase();
document.write(bigwords);
```

Next | Previous

پچھلی مثال کو آپ اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں فرق صرف یہ ہے کہ پہلے آپ نے ایک Variable لیا پھر اس کو پرنٹ کیا تھا اب ڈائیریکٹ فنکشن براوزر پر پرنٹ ہوگا -

```
var msg = "This is String Object";
document.write(msg.toUpperCase());
```

toLowerCase Function

اس فنکشن سے آپ تمام Alphabate کو چھوٹے حروف میں تبدیل کر سکتے ہیں -

```
var msg = "This is String Object";
document.write(msg.toLowerCase());
```

Length Property

Variable ویلیو کے Character کو Count کرنے کے لیئے Length Property کو استعمال کرتے ہیں دی گئی ویلیو کی تعداد 14 ہے اس میں Blank Space بھی شامل ہے یعنی Blank Space بھی ایک Character ہے -

```
var msg = "This is String";
document.write(msg.length);
```

Next | Previous

big Function

JavaScript میں اس فنکشن کی مدد سے آپ ٹیکسٹ کو بڑا کر سکتے ہیں -

```
var msg = "This is String";
document.write(msg.big());
```

bold Function

Bold Function ٹیکسٹ کو بولڈ کرنے کے لیئے استعمال ہوتا ہے -

```
var msg = "This is String";
document.write(msg.bold());
```

charAt Function

کونسا Character کس Index پر ہے یہ معلوم کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے یہ ایک پیرامیٹر لیتا ہے نیچے اس کی مثال کو دیکھیں -

```
var msg = "This is String";
document.write(msg.charAt(0));
```

Next | Previous

جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں کے charAt فنکشن کے پیرامیٹر میں 0 صفر ویلیو دی گئی ہے اس کا مطلب پہلا Character ہے یہ براوزر

پر آپ کو T دکھائے گا پیرامیٹر میں جو نمبر لکھیں گے یہ آپ کو اسی Index کا ٹیکسٹ لا کر دے گا -

charCodeAt Function

آپ جانتے ہیں کہ ہر Key کا ایک کوڈ ہوتا ہے اس کو ASCII Code ایسکی کوڈ کہتے ہیں جب آپ اپنے Keyboard سے کوئی بھی Key کو Press کرتے ہیں تو وہ Convert ہوتا ہے ASCII Code میں پھر اس کے بعد ASCII Code کو Convert کیا جاتا ہے 0 یا 1 میں اس طرح سے ہر Key کا ایک الگ کوڈ ہے charCodeAt فنکشن کی مدد سے آپ کسی بھی Character کا کوڈ دیکھ سکتے ہیں دی گئی مثال میں T کا ASCII Code بتائے گا جو کے 84 ہے -

```
var msg = "This is String";
document.write(msg.charCodeAt(0));
```

Next | Previous

fontcolor Function

ٹیکسٹ کا کلر تبدیل کرنے کے لیئے آپ اس فنکشن کو استعمال کرینگے اس مثال میں ویلیو کا Color Red ہو جائے گا -

```
var msg = "This is JavaScript";
document.write(msg.fontcolor('red'));
```

italics Function

جاوا اسکرپٹ میں آپ ٹیکسٹ کو اٹالک بھی کر سکتے ہیں -

```
var msg = "This is JavaScript";
document.write(msg.italics());
```

toString Function

کسی بھی نمبر ویلیو کو اسٹرنگ میں تبدیل کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے اس Variable کی ڈیٹا ٹائپ اب Number سے String ہو چکی ہے -

```
var msg = 27;
document.write(msg.toString());
```

Next | Previous

concat Function

ایک Variable کو دوسرے Variable سے ملانے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے پہلے ویری ایبل کے ساتھ اس فنکشن کے اندر دوسرے ویری ایبل کو دیا گیا ہے اب پہلے ویری ایبل کی ویلیو دوسرے ویری ایبل کی ویلیو کے ساتھ مل گئی ہے -

```
var str1 = "Java ";
var str2 = "Script!";
document.write(str1.concat(str2));
```

fontsize Function

فونٹ کا سائز کم یا زیادہ کرنے کے لئے اس فنکشن کو یوز کرتے ہیں - اس کا سائز 1 سے 7 تک ہے سب سے چھوٹے سائز کے لیئے 1 اور سب سے بڑے سائز کے لیئے 7 کو استعمال کرتے ہیں -

```
var mystr = "Java Script";
document.write(mystr.fontsize(7));
```

Next | Previous

indexOf Function

یہ معلوم کرنے کے لیئے کہ کونسا کریکٹر کس انڈیکس پر ہے اس فنکشن کو استعمال کرتے ہیں اور انڈیکس ہمیشہ 0 صفر سے شروع ہوتا ہے - وی کا انڈیکس 2 ہے -

```
var mystr = "Java Script";
document.write(mystr.indexOf("v"));
```

آپ نہ صرف ایک کریکٹر بلکہ ایک ورڈ کا Index بھی معلوم کر سکتے ہیں اس کی مثال نیچے دی گئی ہے -

```
var mystr = "Java Script";
document.write(mystr.indexOf("Script"));
```

lastIndexOf Function

اس فنکشن کے پیرامیٹر میں آپ صرف ویلیو کا آخری الفاظ دیں گے اور یہ آپ کو اس ورڈ کا انڈیکس بتائے گا -

```
var mystr = "Welcome to Java Script";
document.write(mystr.lastIndexOf("Script"));
```

Next | Previous

replace Function

کسی بھی ورڈ کو دوسرے ورڈ سے تبدیل کرنے کے لیئے replace فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے یہ فنکشن دو پیرامیٹر لیتا ہے پہلا پیرامیٹر میں وہ ورڈ آتا ہے جس کو تبدیل کرنا ہو اور دوسرا پیرامیٹر وہ ہے جس سے تبدیل کیا جا رہا ہے دی گئی مثال میں script کو programing سے تبدیل کیا جا رہا ہے -

```
var mystr = "Welcome to Java Script";
document.write(mystr.replace("Script","Programing"));
```

search Function

JavaScript میں آپ کسی بھی ورڈ کو سرچ کر سکتے ہیں اگر ویلیو موجود ہو گی تو یہ آپ کو اس ویلیو کا Index بتائے گا اور اگر ویلیو موجود نہیں ہوگی تو یہ آپ کو منفی 1- ویلیو ریٹرن کرے گا نیچے کی مثال میں Script کا Index معلوم کیا جا رہا ہے -

```
var mystr = "Welcome to Java Script";
document.write(mystr.search("Script"));
```

Next | Previous

slice Function

اسٹرنگ ویلیو سے چند کریکٹر کو حاصل کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے اس فنکشن کے پیرامیٹر میں آپ جو نمبر دیں گے اتنے ہی کریکٹر اسٹرنگ ویلیو سے نہیں دکھائے گا دی گئی مثال

میں 2 کریکٹر کے بعد سے تمام کریکٹر آپ کو Browser پر Show ہونگے -

```
var mystr = "JavaScript";
document.write(mystr.slice(2));
```

اس کی دوسری مثال میں 2 پیرامیٹر دیئے گئے ہیں پہلا پیرامیٹر کہاں سے کریکٹر دکھانا ہے اور دوسرا کہاں تک دکھانا ہے دی گئی مثال میں ویلیو سے 2 کریکٹر کے بعد سے 5 کریکٹر تک دکھانا ہے نیچے دی گئی مثال کے جواب میں صرف vas آپ کو براوزر پر نظر آئے گا کیونکہ s پانچوے نمبر پر ہے -

```
var mystr = "JavaScript";
document.write(mystr.slice(2,5));
```

Next | Previous

اس فنکشن کے پیرامیٹر میں منفی ویلیو دینے سے آخری کریکٹر سے دکھانا شروع کرتا ہے دی گئی مثال میں آپ دیکھ سکتے ہیں براوزر پر آخری دو کریکٹر pt نظر آیئں گے باقی الفاظ نظر نہیں آیئں گے -

```
var mystr = "JavaScript";
document.write(mystr.slice(-2));
```

small Function

Small Function کے استعمال سے الفاظوں کا Size چھوٹا ہو جاتا ہے -

```
var mystr = "JavaScript";
```

```
document.write(mystr.small());
```

split Function

String Values میں سے الفاظوں کو توڑنے یا الگ الگ کرنے کے لیئے split فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے اور یہ فنکشن ورڈ کو الگ کرکے ایک Array بنا دیتا ہے اگلے پیج پر اس کی مثال دیکھتے ہیں -

Next | Previous

جب آپ اس کو براوزر پر دیکھیں گے تو اسپیس کی جگہ پر آپ کو کوما نظر آئے گا یہ فنکشن اسپیس کو کوما میں تبدیل کردیتا ہے -

```
var str="Welcome to JavaScript";
document.write(str.split(" "));
```

Welcome,to,JavaScript

strike Function

یہ فنکشن الفاظوں کے اوپر بیچ میں ایک لائن لگا دیتا ہے -

```
var str="Welcome to JavaScript";
document.write(str.strike());
```

~~Welcome to JavaScript~~

sup Function

یہ فنکشن ورڈ یا کریکٹر کو لائن سے تھوڑا سا اوپر کر تا ہے -

```
document.write('The is a');
var mystr = "2";
document.write(mystr.sup());
```

Next | Previous

sub Function

Sub Function کریکٹر کو لائین سے نیچے کی جانب ظاہر کرتا ہے

-

```
document.write('H');
var mystr = "2";
document.write(mystr.sub());
document.write('O');
```

H_2O

substring Function

یہ فنکشن ویلیو سے چند کریکٹر نکالنے کے کام آتا ہے دی گئی مثال میں شروع کے 3 کریکٹر کے بعد سے تمام کریکٹر آپ کو نظر آینگے

-

```
var mystr="JavaScript";
document.write(mystr.substring(3));
```

Next | Previous

valueOf Function

Valueof Function آپ کو Variable کی ویلیو ریٹرن کرے گا -

```
var mystr="JavaScript";
document.write(mystr.valueOf());
```

اب تک آپ نے String Variable کے ساتھ جتنے بھی فنکشن پڑھیں ہیں وہ سب String Function تھے -

Math Object

JavaScript میں حسابی عمل بھی کر سکتے ہیں جیسے دو نمبروں میں سے کون سی ویلیو بڑی ہے یا کون سی ویلیو چھوٹی ہے اور اس کے علاوہ PI, Log, Sin, Cos اور اس کے علاوہ مختلف قسم کے حسابی عمل بھی کر سکتے ہیں دی گئی مثال میں آپ کو PI پائی کی ویلیو ریٹرن ہو گی -

```
document.write(Math.PI);
```

Next | Previous

Absolute Value

منفی ویلیو کو مثبت دکھانے کے لیئے abs function کو استعمال کرتے ہیں مثال میں منفی ویلیو 5.72- ہے لیکن جب یہ براوزر پر دیکھیں گے تو مثبت نظر آئے گی -

```
document.write(Math.abs(-5.72));
```

Ceil Function

Ceil Function ویلیو کو راونڈ کرنے کے لیئے استعمال ہوتا ہے جیسے 5.1 کو یہ 6 میں تبدیل کر دے گا Point کے بعد Zero کے علاوہ کچھ بھی ہو یہ راونڈ کر دیتا ہے -

```
document.write(Math.ceil(5.1));
```

max Function

اس فنکشن کی مدد سے آپ بڑی رقم کو معلوم کر سکتے ہیں -

```
var myval = 45;
var myval2 = 81;
document.write(Math.max(myval,myval2));
```

Next | Previous

min Function

اس فنکشن کی مدد سے آپ سب سے چھوٹی ویلیو کو حاصل کر سکتے ہیں -

```
var myval = 45;
var myval2 = 81;
document.write(Math.min(myval,myval2));
```

random Function

Random نمبر کو Generate کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے یاد رہے کہ یہ فنکشن 0 سے 1 تک Decimal Value ریٹرن کرتا ہے نیچے دیا ہوا کوڈ لکھیں اور Press 5F کرتے جائیں نمبر تبدیل ہوتے جایئں گے -

```
document.write(Math.random());
```

round Function

یہ فنکشن ویلیو کو Decimal عشاریہ 5. کے بعد سے راونڈ کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے اگر ویلیو 5. سے کم ہو گی تو ویلیو راونڈ نہیں ہو گی -

```
document.write(Math.round(5.5));
document.write(Math.round(5.4));
```

Next | Previous

pow Function

کسی بھی Number کو کتنی دفعہ اسی Number سے ضرب کیا جائے جیسے 2 کو 4 دفعہ ضرب کیا جائے اور جواب آجائے اس کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کرتے ہیں -

```
2 x 2 x 2 x 2 = 16
```

اوپر دی گئی مثال میں 2 کو 4 دفعہ ضرب کر کے جواب لیا گیا ہے اور اسی کام کو Pow Function سے بھی کر سکتے ہیں -

```
document.write(Math.pow(2,4));
```

eval Function

جاوا اسکرپٹ میں اگر نمبر اسٹرنگ میں ہو اور آپ اس کو نمبر ویلیو میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں اس کے لیئے Eval Function استعمال کیا جاتا ہے -

```
document.write(eval("2+5"));
```

Next | Previous

isNaN Function

یہ فنکشن آپ کو بتاتا ہے کہ یہ ویلیو نمبر ہے یا نہیں isNaN کا معنی ہے is Not a Number یعنی دی گئی ویلیو نمبر نہیں ہے نیچے دی گئی مثال میں دی گئی نمبر ہے اس لیئے یہ فنکشن آپ کو False Return کرے گا کیونکہ یہ ایک نمبر ویلیو ہے -

```
document.write(isNaN(2));
```

نیچے دی گئی مثال میں اسٹرنگ ویلیو دی گئی ہے اس لیئے یہ فنکشن آپ کو True Return کرے گا کیونکہ یہ نمبر نہیں ہے -

```
document.write(isNaN("a"));
```

Next | Previous

parseInt Function

یہ فنکشن ایک اسٹرنگ ویلیو کو نمبر میں تبدیل کرتا ہے مثال میں ویلیو اسٹرنگ سے نمبر میں تبدیل ہو گئی ہے آپ سوچ رہے ہونگے کہ eval function بھی یہی کام کرتا ہے لیکن دونوں میں فرق ہے eval function اکسپریشن Expression کو نمبر میں تبدیل کرتا ہے parseInt فنکشن ایک نمبر کو اسٹرنگ سے نمبر میں تبدیل کرتا ہے -

```
document.write(parseInt("5"));
```

parseFloat Function

اگر اسٹرنگ ویلیو پوائنٹ میں ہو آپ اس کو نمبر میں تبدیل کرنا چاہتے ہے parseFloat function کو استعمال کرتے ہوئے آپ اس کو با آسانی تبدیل کر سکتے ہیں دی گئی مثال کو براوزر پر دیکھیں -

```
document.write(parseFloat("5.45"));
```

Next | Previous

const Keyword

JavaScript میں Variable کی ویلیو کو Fix رکھنے کے لیئے const keyword کو استعمال کیا جاتا ہے مثال کی پہلی لائین میں Variable کے نام سے پہلے const لکھا گیا ہے اس سے ویلیو Fix ہوجائے گی اس کے بعد ویلیو کو تبدیل کیا گیا ہے لیکن براوزر پر JavaScript ہی پرنٹ ہوگا -

```
const myname = 'JavaScript';
myname = 'Programing';
document.write(myname);
```

Events in JavaScript

جاوا اسکرپٹ میں ایونٹس بھی ہوتے ہیں ایونٹ مواقعے کو کہتے ہیں جیسے بٹن پر کلک یا کرنا ٹیکسٹ بوکس پر ٹائپ کرنا یا پیج لوڈ ہونا یا کسی ایلیمنٹ پر ماوس لے جانا یا ماوس ہٹالینا اس کے علاوہ اور بہت سے ایونٹ ہیں - ایونٹ کو آپ ٹیگ کے اندر دیکھ سکتے ہیں - جیسے آپ چاہتے ہیں کہ جب آپ کا پیج لوڈ ہو براوزر پر میسج آجائے اس

کے لیئے آپ کو بوڈی ٹیگ کے اندر Onload Event کو استعمال کرنا ہوگا ۔

```
<body onload="">
```

Next | Previous

اب آپ ایک فنکشن بنایئں اور اس کو پیج لوڈ پر کال کریں مثال میں mymsg کے نام سے فنکشن بنایا گیا ہے اور اس کو Body Tag کے اندر Onload Event میں کال کیا گیا ہے ایک بات یاد رہے کہ ایونٹ ہمیشہ Fire یا Trigger ہوتے ہیں اور فنکشن ہمیشہ کال ہوتا ہے جیسے ہی آپ کا پیج براوزر پر لوڈ ہو گا تو اون لوڈ ایونٹ فائر یا ٹریگر ہو گا اور اس کے ساتھ ہی mymsg فنکشن کال ہوگا اس طرح سے آپ تمام فنکشن کو جاوا اسکرپٹ میں بنایئں گے اور اس کو کسی بھی ایونٹس کے ساتھ استعمال کریں گے یہ اس کی پہلی مثال تھی آگے اور بھی مثالیں ہیں ہر مثال کو بار بار دوہرایئں تاکہ آپ کو اچھی سے طرح سمجھ آجائے ایک بات یاد رہے کہ Events میں Function ہی کال ہو گا ۔

```
<script type="text/javascript">
function mymsg()
{
    alert('This message shown on page load.');
}
</script>

<body onload="mymsg();">
```

Next | Previous

Click Event

اس مثال میں Button پر کلک کر کے فنکشن کو کال کریں گے دیئے گئے کوڈ میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ Onclick Event کے اندر ہی میسج بوکس یعنی جاوا اسکرپٹ کا alert function ڈائیریکٹ کال کیا گیا ہے -

```
<input type="button" value="Click Me"
 onclick="alert('Click event trigger.');" />
```

آپ اس طرح بھی جاوا اسکرپٹ لکه سکتے ہیں اس کو لکھنے کا دوسرا طریقہ نیچے دیا گیا ہے فنکشن کو کال کرنے کے لیئے پہلے فنکشن کا نام لکھتے ہیں اس کے بعد بریکٹ لگاتے ہیں پھر آخر میں Semicolon آتا ہے اور ان تمام کو Inverted Comma کے اندر لکھا جاتا ہے -

```
function mymsg()
{
   alert('Click event trigger.');
}

<input type="button" value="Click Me"
onclick="mymsg();" />
```

Next | Previous

Mouseover Event

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کسی ایلیمنٹ پر Mouse آجائے جب کچھ Action Perform ہو نیچے دی گئی مثال میں ایک ہیڈنگ دی گئی ہے جیسے ہی آپ کا ماوس اس ہیڈنگ پر آئے گا ہیڈنگ کا ٹیکسٹ تبدیل ہو جائے گا ۔

```
 function changeHeading()
 {
    document.getElementById('myheading').innerHTML =
'Change Heading';
 }

  <h1 id="myheading" onmouseover="changeHeading();">
  This is heading1</h1>
```

Mouseout Event

اوپر دی گئی مثال میں ٹیکسٹ کو تبدیل کیا گیا ہے لیکن اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ جب ماوس ہیڈنگ سے ہٹ جائے تو واپس پہلے والا ٹیکسٹ آجائے اس کے لیئے آپ کو اس ایونٹ کو استعمال کرنا ہو گا اس کی مثال آپ اگلے پیج پر آپ دیکھ سکتے ہیں ۔

Next | Previous

```
function changeHeading()
  {
    document.getElementById('myheading').innerHTML =
'Change Heading';
  }
  function firstHeading()
  {
    document.getElementById('myheading').innerHTML =
```

```
    'This is heading1';
  }

  <h1 id="myheading" onmouseover="changeHeading();"
  onmouseout="firstHeading();">This is heading1</h1>
```

Blur Event

TextBox پر ٹیکسٹ لکھنے کے بعد دوسرے TextBox پر کلک کرتے ہیں یا ٹیب پریس کرتے ہیں اس وقت یہ ایونٹ فائر ہوتا ہے اس کی مثال نیچے دی گئی ہے -

```
  <input type="text" onblur="window.alert('This is blur
event!');" />
  <br />
  <input type="text" /><br />
```

Next | Previous

Focus Event

اکثر آپ نے دیکھا ہو گا کہ جب آپ www.google.com پر جا کر TextBox پر کلک کرتے ہیں تو کرسر بلنک کرنا شروع کر دیتا ہے اس کو مطلب یہ ہے کہ آپ کا فوکس اس TextBox پر ہے جیسے ہی آپ TextBox پر کلک کرتے ہیں تو فوکس ایونٹ فائر ہوتا ہے آیئے اب اس کی مثال دیکھتے ہیں -

```
   Enter Your Name:
   <input type="text" onfocus="alert('Focus Event is
trigger');" />
```

Submit Event

یہ ایونٹ HTML Form کے Submit ہوتے وقت فائر ہوتا ہے -

```
<form onsubmit="alert('Submit Event Trigger');">
What is your name?<br />
<input type="text" /><br />
<input type="submit" value="Submit" />
</form>
```

Next | Previous

Unload Event

یہ ایونٹ پیج کے Unload یعنی Close ہونے کے بعد فائر ہوتا ہے -

```
    <body onunload="alert('Thank you for visit our
website.');">
```

Window Object

Window Object جاوا اسکرپٹ کا ایک اہم ٹوپک ہے اس Object کے اندر آپ کو بہت سے فنکشن اور پراپرٹی ملیں گے جن کی مدد سے آپ بہت سے کام کر سکتے ہیں - آپ نے اب تک alert function استعمال کیا ہے ہو سکتا ہے کہ آپ کو یہ بات نہیں پتا ہو گی کہ یہ فنکشن بھی Window Object کا ہی ہے -

```
window.alert('Welcome to window object');
```

alert function کے ساتھ آپ window لکھیں یا نہ لکھیں ایک ہی بات ہے alert function دونوں ہی صورتوں میں کام کرے گا -

Next | Previous

Window Location

کسی Website پر ڈائیریکٹ جانے کے لیئے اس Property کو استعمال کیا جاتا ہے -

```
  function website()
  {
     window.location = 'http://www.google.com';
  }
  <input type="button" value="Go to google"
onclick="website();" />
```

اس کے علاوہ آپ اس پراپرٹی کو دوسرے پیج پر جانے کے لیئے بھی استعمال کر سکتے ہیں -

```
   window.location = 'contact.htm';
```

Window Find

پیج پر ٹیکسٹ کو سرچ کرنے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے جیسے ہی آپ بٹن پر کلک کریں گے Find Window اوپن ہو جائے گی -

```
    <input type="button" value="Find"
onclick="window.find();" />
```

Next | Previous

Window Home

Browser کے Home Page پر جانے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کرتے ہیں -

```
<input type="button" value="Home Page"
onclick="window.home();" />
```

Window Print

Browser سے Web Page کا Printout لینے کے لیئے اس فنکشن کو استعمال کیا جاتا ہے جیسے ہی آپ بٹن پر کلک کریں گے آپ کے سامنے ایک Print Dialog آئے گا پھر آپ Ok Button پر کلک کریں گے تو Printer سے Print نکلنا شروع ہو جائے گا -

```
<input type="button" value="Print out"
onclick="window.print();" />
```

Window Open

JavaScript میں آپ ایک New Window بھی اوپن کر سکتے ہیں اس کے علاوہ نئی ونڈو کے ساتھ اور بھی بہت کچھ کر سکتے ہیں اس کا کوڈ اگلے پیج پر دیکھیں -

Next | Previous

نیچے دیئے ہوئے کوڈ میں New Window اوپن کی گئی ہے یاد رہے اوپن فنکشن کے اور بھی پیرامیٹر ہیں جس میں ونڈو کی Height, Width اور Scroll Bar شامل ہیں -

```
function openpage()
{
  window.open("new_page.htm");
}
```

```
    <input type="button" value="Open Page"
onclick="openpage();" />
```

نیچے دی ہوئی مثال میں جیسے ہی آپ بٹن پر کلک کریں گے تو آپ کا پیج ایک نئی ونڈو میں کھلے گا اور اس کی Height Width وہ ہو گی جو آپ نے دی ہے -

```
    function openpage()
    {

window.open("contact.htm","newWindow","width=500,height=3
00");
    }
    <input type="button" value="Open Page"
onclick="openpage();" />
```

Next | Previous

اس مثال میں آپ براوزر میں Menu Bar, Scroll Bar اور ToolBar لگا رہے ہیں ان تینوں کی ویلیو Yes ہے اگر No کریں گے تو تینوں براوزر پر Show نہیں ہونگے -

```
    function openpage()
    {

window.open("contact.htm","newWindow","width=500,height=3
00,
      menubar=yes,scrollbars=yes,toolbar=yes");
    }
    <input type="button" value="Open Page"
onclick="openpage();" />
```

نئی ونڈو کی آپ پوزیشن بھی بتا سکتے ہیں کہ Top Side سے کتنے Pixel چھوڑنا اور Left Side سے کتنے Pixel چھوڑنا ہے اس کے لیئے ScreenX اور ScreenY کو استعمال کیا جاتا ہے نیچے دیئے گئے کوڈ میں یہی بتایا گیا ہے

```
window.open("contact.htm","newWindow","width=500,height=300,

menubar=yes,scrollbars=yes,toolbar=yes,screenX=300,screenY=250");
```

Next | Previous

Window Close

JavaScript کو استعمال کرتے ہوئے آپ اپنے Browser کو Close اس فنکشن کی مدد سے کر سکتے ہیں جیسے ہی بٹن پر کلک کریں گے آپ کا براوزر بند ہو جائے گا -

```
  <form>
  <input type="button" value="Close"
onclick="window.close();" />
  </form>
```

Window MoveTo

براوزر کو Top اور Left Side سے Move کرنے کے لیئے MoveTo فنکشن کو استعمال کرتے ہیں Button پر Click کرتے ہی براوزر Move ہوگا -

```
<form>
  <input type="button" value="Move Page"
    onclick="window.moveTo(50,50);" />
</form>
```

یاد رہے کہ صرف ایک دفع ہی براوزر veMo ہو گا ۔

Next | Previous